صحت کارڈ کے حوالے سے اہم معلومات

صحت کارڈ سے دو طرح کے علاج ہوتے ہیں

1- ثانوی علاج 2- ترجیحی علاج

PAKISTAN

ثانوی علاج

ثانوی علاج میں زچگی شامل ہے. جس میں نارمل ڈیلیوری، C سیکشن / آپریشن، زچگی کی پیچیدگیاں، پیدائش سے پہلے چار بار معائنہ، پیدائش کے بعد ایک بار معائنہ، نوزائیدہ بچے کا ایک بار معائنہ، اس میں داخلے سے ایک دن قبل کی کی ادویات، اور ہسپتال سے اخراج کے بعد مزید پانچ دن کی ادویات بھی شامل ہیں

ترجیحی علاج میں شامل بیماریاں

امراض قلب کا علاج

ذیابیطس سے متعلق پیچیدگیوں کا علاج، حادثاتی چوٹیں یعنی ہڈیوں کی ٹوٹ پھوٹ کا علاج، سڑک کے حادثے علاج، دل، جگر، گردے پھیپھڑوں کا علاج، یرقان کا علاج، کالے یرقان کا علاج، کینسر کا علاج، اعصابی نظام کی جراحی، آخری درجے ہر گردوں کی بیماری کا علاج ترجیحی علاج میں ہسپتال کے اخراج کے بعد ایک بار مفت معائنے کی سہولت بھی موجود ہے

یہ وہ تمام بیماریاں ہیں جن کا علاج صحت کارڈ کے ذریعے ممکن ہے

مقرر کردہ ہسپتال میں پہنچتے ہی صحت سہولت پروگرام کا
نمائندہ ہسپتال کے اسقبالیے پر آپ کی رہنمائی کے لیے
موجود ہوگا نمائندہ آپ کے قومی صحت کارڈ کی جانچ کے
بعد آپ کو متعلقہ شعبے کے متعلق رہنمائی کریگا

LAWYERS OF PAKISTAN

داخلی علاج کی صورت میں مریض کو کرائے کے مد میں
1000 روپے دیے جائیں گے، جو کہ ایک سال میں
زیادہ سے زیادہ تین مرتبہ ادا کیے جائیں گے

LAWYERS OF
PAKISTAN

اس کے علاوہ اگر مریض پینل کردہ ہسپتال میں دوران
علاج فوت ہو جائے، تو اسکی تجہیز و تدفین کے لیے مبلغ
10,000 روپے ادائیگی کی جائیگی

یہ اہم معلومات شئیر کریں تاکہ غریب آدمی کو اس
کارڈ کی اہمیت کے بارے میں پتہ ہو

LAWYERS OF PAKISTAN